GOVERNMENT GIRLS HIGH SCOOL ALAND KALABURGI DISTRICT

CLASS IX MIDTERM EXAM 2023-24

TIME: 3 ¼ HOURS SUB: FIRST LANGUAGE – URDU MARKS : 100

==

I درجِ ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔ موزوں ترین جواب کا انتخاب کر کے لکھیے۔ $6 \times 1 = 6$

1. ان میں مرکب لفظ ہے۔۔

(a) پھول (b) پتھر (c) ان پڑھ (d) قلم

2. ان میں سابقہ کی مثال ہے۔۔

(a) بے زبان (b) قلم دان (c) مددگار (d) وفادار

3. حضرت محمد ﷺ کی تعریف میں لکھی جانے والی نظم کو کہتے ہیں۔۔

(a) حمد (b) نعت (c) قصیدہ (d) مثنوی

4. اس جملے میں علامت فاعلی ہے۔

ابوالکلام آزاد نے تقریر کی۔

(a) ابوالکلام آزاد (b) نے (c) تقریر (d) کی

5. زید کے علاوہ ہر لڑکا حاضر ہے۔اس جملے میں ’علاوہ‘ سے مراد ہے۔

(a) حرف استثنا (b) حرف علت (c) حرف تردید (d) حرف بیانیہ

6. اصناف شاعری میں نظم کی وہ قسم ہے جس میں کوئی تاریخی واقعہ یا داستان بیان کی گئی ہو۔اس کا مضمون مسلسل ہوتا ہے اور ہر شعر الگ الگ قافیہ کا ہوتا ہے۔۔

(a) رباعی (b) مثنوی (c) غزل (d) قصیدہ

II پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھیے۔ $4 \times 1 = 4$

7. حمد : اللہ تعالیٰ کی تعریف :: نعت : ______________

8. زوال : عروج :: بلندی : ______________

9. خصوصیت : خصوصیات :: ایجاد : ______________

10. بے زبان : سابقہ :: مددگار : ______________

III درجِ ذیل سوالات کے جواب ایک ایک جملے میں لکھیے۔ $7 \times 1 = 7$

11. کس مسئلے پر عرب والوں میں اختلاف پیدا ہوا ؟

12. مہابلیشور کی زبان کا لفظ ہے؟

13. روشنی کتنی قسم کی ہوتی ہے؟

14. مولانا آزاد کس جذبے سے سرشار تھے ؟

15. زہرہ کی زبان کس چیز سے عاجز ہے ؟

16. شاعر امیر مینائی نے دوسرے مصرعے میں حضور ﷺ کو کیا کہہ کر یاد کیا ہے ؟

17. نظم ''شکوہ جوابِ شکوہ'' کے شاعر کون ہیں ؟

IV درجِ ذیل سوالات کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 10×2 =20

18. حضور اکرم ﷺ نے فرش پر چادر کیوں بچھائی ؟

19. کیتھولک چرچ پر ایک نوٹ لکھیے۔

20. لیسر شعاؤں کی چار انفرادی خصوصیات کیا ہیں؟

21. مولانا آزاد نے کون کون سے رسائل اور اخبارات جاری کیے ؟

22. بچوں نے مرغ کا جنازہ کس طرح نکالا؟

23. اللہ تعالی کی قدرت کہاں کہاں عیاں ہے ؟

24. حضرت محمد ﷺ کی بدولت دیگر انبیاء نے کیا پایا اور وہ قیامت کے دن کہاں رہیں گے ؟

25. آج کل قوم پر بیداری صبح اور قیدِ رمضان کیوں بھاری ہے ؟

26. اللہ تعالی ہم سے کس بات کا گلا کر رہا ہے ؟

27. وطن سے دوری کا حالی کی زندگی پر کیا اثر پڑا؟

V درجِ ذیل سوالات کے جواب تین یا چار جملوں میں لکھیے۔ 11×3=33

متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجیے۔

28. ''حجرِ اسود نصب کرنے کا حق صرف ہمیں پہنچتا ہے۔''

29. '' ہر بات اور ہر مسئلے کا حل تلوار ہی سے نہیں ہوا کرتا۔''

30. ''دو اور دو چار نہیں چالیس ہوتے ہیں۔''

درجِ ذیل نثر نگار کا تعارف لکھیے۔

31. مشتاق احمد یوسفی

درجِ ذیل شاعر کا تعارف لکھیے۔

32. محمد اقبال

درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔

33. کیا شرف آپ نے اے فخرِ رسالت پایا
شافعِ محشر ہوئے تاجِ شفاعت پایا

34. ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز
نہ کوئی بندہ رہا اور نہ کوئی بندہ نواز

35. قوم مذہب سے ہے مذہب جو نہیں تم بھی نہیں
جذبِ باہم جو نہیں محفلِ انجم بھی نہیں

درجِ ذیل سوالات کے جواب مختصر لکھیے۔

36. ان محاوروں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

1) خاک میں ملنا 2) پیش پیش رہنا 3) تو تو میں میں ہونا

37. مفرد لفظ اور مرکب لفظ کی تعریف کرتے ہوئے مثال دیجیے۔

38. حروفِ علت سے کیا مراد ہے مع مثال لکھیے۔

یا

صنفِ مثنوی کی تعریف لکھیے۔

VI درجِ ذیل سوالات کے جواب تفصیلی لکھیے۔ 5×4=20

39. اپنی نصابی کتاب سے حمد لکھیے۔

یا

اپنی نصابی کتاب سے نعت کے ابتدائی چار اشعار لکھیے۔

40. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔ (i) شکوہ جوابِ شکوہ کے دو بند (ii) حبِ وطن

41. حجرِ اسود کی تنصیب کا مسئلہ کیوں کر حل ہوا۔

42. لیسر شعاؤں سے کیا کیا کام لیے جا سکتے ہیں؟

یا

مولانا ابوالکلام آزاد نے سیاحت کے شوق میں کن کن ممالک کا دورہ کیا اور اس کا ان پر کیا اثر پڑا؟

43. درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔

2016 کے سول سروس (UPSC) کا امتحان کامیاب ہونے والوں میں ایک طالبہ ام الخیر بھی ہے۔ یہ راجستھان کے غریب گھرانے سے تعلق رکھتی ہیں۔ بچپن میں والدہ کا انتقال ہوا۔ ہڈیوں کی بخار نے اپاہج بنا دیا۔ والد کے ساتھ وہ دلّی چلی آئی۔ سوتیلی ماں نے گھر سے نکال دیا۔ ایک جھونپڑی میں بچوں کو ٹیوشن پڑھاتے ہوئے ہندی میڈیم سے تعلیم حاصل کرتی رہی۔ دورانِ تعلیم شخصیت سازی کے 45 روزہ پروگرام میں شریک ہوئی اور انگریزی سیکھی۔ آخری دن جب اسٹیج پر تاثرات بیان کرنے کے لیے جاتے ہوئے گر پڑیں اور ساتھی ہنسنے لگے تو اس نے اسٹیج سے کہا "آج جتنا مجھ پر ہنسنا ہے، ہنس لو مگر میرا کل اتنا تابناک ہوگا کہ کوئی مجھ پر نہ ہنس سکے گا۔" اپنی محنت و لگن سے ام الخیر نے 2016 کے سول سروس میں کامیابی حاصل کرتے ہوئے وہ کر دکھایا جو اس نے کہا تھا۔

سوالات: (i) ام الخیر کی ابتدائی زندگی کی تکالیف کیا تھیں ؟

(ii) آخری دن اسٹیج پر کونسا واقعہ پیش آیا ؟

VII خط کے اجزائے ترکیبی کالحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھیے۔ 1×5=5

44. اپنے والد کے نام ایک خط لکھیے جس میں امتحان کی تیاری کا ذکر کیا گیا ہو۔

یا

اپنے مدرس کے نام ایک درخواست لکھیے جس میں کوئی وجہ بتاتے ہوئے دو دن کی چھٹی طلب کی گئی ہو۔

VIII کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 1×5=5

45. جہیز کی لعنت یا بڑھتی ہوئی مہنگائی